اردو

Urdu (306)

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں؟

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اپنا رول نمبر، اسٹڈی سینٹر کا نام اور مضمون کا نام صاف الفاظ میں لکھیں۔

سوال۔1 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) رپورتاژ کی صنف اردو میں کہاں سے آئی اور اس سے کیا مراد ہے؟ (سبق نمبر ۱)

یا

(ب) 'چوتھی کا جوڑا' افسانے میں عصمت چغتائی نے عورتوں کے کس نفسیاتی پہلو کو اجاگر کیا ہے؟ (سبق نمبر ۴)

سوال۔2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ (سبق نمبر ۶)

یا

(ب) آزاد نظم کسے کہتے ہیں؟ (سبق نمبر ۱۱)

سوال۔3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) جنگ کے خلاف آواز اٹھانے پر شاعر کو کس چیز کا اندیشہ ہے؟ (سبق نمبر ۱۳)

یا

(ب) ہندوستان میں منائے جانے والے تہواروں کے نام لکھئے۔ (سبق نمبر ۱۵)

سوال۔4 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھئے۔ 4

(الف) دلی اسکول اور لکھنؤ اسکول کی غزل میں کیا فرق ہے، وضاحت کیجئے۔ (سبق نمبر ۱۶)

یا

(ب) مرثیہ کسے کہتے ہیں؟ دو مشہور مرثیہ نگاروں کے نام لکھئے۔ (سبق نمبر ۲۳)

سوال۔5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھئے۔ 4

(الف) ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے
سفید رنگ ہیں آخر سیاہ مو کرتے
ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا
تمام عمر رفو گر رہے رفو کرتے

(سبق نمبر ۲۰)

(i) مندرجہ بالا پہلے شعر کی تشریح کیجئے۔

(ii) یہ اشعار کس شاعر کی تخلیق ہیں؟

(iii) رفو کے کیا معنی ہیں؟

(iv) صنعت 'تضاد' کسے کہتے ہیں؟

یا

(ب) دروازے پر پنجرے میں طوطا ہو گا
جھوٹے برتن گھر میں کوئی دھوتا ہو گا
اب بھی گاؤں میں نوٹنکی آتی ہو گی
کٹھ پتلی کا کھیل اب بھی ہوتا ہو گا

(سبق نمبر ۲۲)

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی تخلیق ہیں؟

(ii) درج بالا اشعار میں دوسرے شعر کی تشریح کیجئے۔

(iii) کٹھ پتلی کسے کہتے ہیں؟

(iv) غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

سوال۔6 پروجیکٹ ورک۔ 6

(الف) کمپیوٹر کی افادیت اور اہمیت پر تبصرہ کیجیے اور ساتھ ہی اردو پروگرام کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیے۔

یا

(ب) معلومات کے لیے الکٹرانک میڈیا کس طرح اہم ہے، ٹی وی اشتہارات کی عام زبان کیا ہے؟

❑❑❑